PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ:24جولائی2026

# مون سون موسمی انتباہ [ایڈوائزری]

## پریس ریلیز

## خیبر پختونخوا میں 24 سے 27 جولائی تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت کر دی

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے خیبر پختونخوا میں 24 جولائی کی شام/رات سے 27 جولائی تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے حوالے سے الرٹ جاری کرتے ہوئے تمام متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی راجستھان اور ملحقہ علاقوں میں کم دباؤ موجود ہے، جس کے باعث ملک کے جنوبی اور وسطی علاقوں میں مون سون ہوائیں داخل ہو رہی ہیں۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق اس موسمی نظام کے زیر اثر چترال اپر و لوئر، دیر اپر و لوئر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، اپر و لوئر کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی اور جنوبی وزیرستان میں وقفے وقفے سے بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے۔

خبردار کیا جاتا ہے کہ تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی کے باعث کھڑی فصلوں اور کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، سائن بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے حساس علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ جبکہ مقامی ندی نالوں اور برساتی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈ کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں اور کمزور آبادیوں میں پیشگی اقدامات کیے جائیں، اہم شاہراہوں کو کھلا رکھا جائے، نکاسی آب کے نظام کو صاف رکھا جائے اور دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کی جائے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ریسکیو 1122 کی ٹیموں کی بروقت تعیناتی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مسافروں کو بارش کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور موسمی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سفر کی منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت کی ہے۔ عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ گرج چمک اور تیز ہواؤں کے دوران محفوظ عمارتوں میں پناہ لیں، دریاؤں اور ندی نالوں سے محفوظ فاصلہ رکھیں اور سیلابی پانی میں داخل ہونے یا اسے عبور کرنے کی کوشش نہ کریں۔

کسانوں کو فصلوں کی حفاظت کے لیے ضروری احتیاطی اقدامات کرنے جبکہ مویشی پال افراد کو اپنے جانوروں کو محفوظ مقامات پر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ بارش کے دوران بچوں کو ندی نالوں، کھڑے پانی اور کھلے گڑھوں سے دور رکھیں اور بارش کے دوران بجلی کی کھلی یا خراب تاروں اور برقی آلات کو ہاتھ نہ لگائیں۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دی جا سکتی ہے۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا